چاند بنے گا اِک اِک ماتھا، سورج اِک اِک سینہ
آج سے اِک اِک لمحہ ہوگا، روشنیوں کا زینہ
پاک وطن، اے پاک وطن، اے پاک وطن، ہم جاگے
اب قدم بڑھیں گے آگے

## مشق

(الف) مندرجہ ذیل الفاظ کے سامنے تین تین ہم قافیہ الفاظ لکھیے:

| مثال: سونا | رونا | دھونا | کھونا |
|---|---|---|---|
| پاک | ______ | ______ | ______ |
| وطن | ______ | ______ | ______ |
| جاری | ______ | ______ | ______ |
| موتی | ______ | ______ | ______ |

(ب) نظم میں سے وہ مصرعے چنیے جو حسبِ ذیل مفہوم پیش کرتے ہوں:
۱- تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔
۲- محنت کرنے سے مستقبل روشن ہو جاتا ہے۔
۳- ہمارے کسان محنت کر کے افلاس کو مٹا سکتے ہیں۔
۴- ہمارے دلوں میں محنت کرنے کی لگن روشنی بن کر سما گئی ہے۔

(ج) مندرجہ ذیل الفاظ کے سامنے ان کے متضاد لکھیے:
ماضی-روشنی-جنگ-آگے-جاگنا-غُربت

(د) ذیل کے الفاظ میں سے کون سے لفظ مذکّر ہیں اور کون سے مؤنث؟
مشعل-وادی-ماتھا-غربت-دیس



# رُباعیاں

## میر انیس

دُنیا کا عجب کارخانہ دیکھا
کس کس کا نہ یاں ہم نے زمانہ دیکھا
رہتا تھا سروں پہ جن کے چترِ زریں
تُربت پہ نہ ان کی شامیانہ دیکھا

## مولانا الطاف حسین حالی

موسیٰؑ نے یہ کی عرض کہ اے بارے خدا!
مقبول ترا کون ہے بندوں میں سوا
ارشاد ہوا بندہ ہمارا وہ ہے
جو لے سکے اور لے نہ بدی کا بدلا[1]

## امجد حیدر آبادی

کم ظرف اگر دولت و زر پاتا ہے
مانند حباب اُبھر کے اِتراتا ہے
کرتے ہیں ذرا سی بات پر فخر خَسیس
تِنکا تھوڑی ہوا سے اُڑ جاتا ہے

[1] یہ قافیہ کی مجبوری کی وجہ سے "بدلہ" کے بجائے "بدلا" لکھا ہے۔

# مشق

(الف) نیچے دیے ہوئے سوالات کے جوابات لکھیے:

۱- امجد حیدر آبادی کی رباعی میں کم ظرف سے کیا مراد ہے؟

۲- میر انیس نے دنیا کو عبرت کا مقام کیوں کہا ہے؟

۳- حالی کے خیال میں اللہ کا سب سے مقبول بندہ کون ہے؟

(ب) ان جملوں کے سامنے "صحیح" یا "غلط" لکھیے:

۱- انسان اس اعتبار سے ادنٰی ہے کہ وہ عقل، ہنر اور تمیز میں دوسری مخلوق سے کم تر ہے؟

۲- کم ظرف دولت پا کر اِتراتا ہے۔

(ج) ان الفاظ کی مدد سے جملے بنایئے:

مقبول-سوا-ارشاد-دشوار-تمیز-ادنٰی

(د) ان الفاظ میں کون سے مذکّر ہیں اور کون سے مؤنث؟

تنکا-حباب-تمیز-دولت-بدی



# فرہنگ

| | |
|---|---|
| ابنِ مریم | حضرت مریم کے بیٹے-حضرت عیسیٰ علیہ السلام |
| اُترن | کسی کے پہن کے اُتارے ہوئے کپڑے |
| اِبتدائے کار | کام کی ابتدا |
| آبِ حیات | زندگی کا پانی-روایت ہے کہ ایک چشمہ ایسا ہے جس کا پانی پینے سے انسان ہمیشہ زندہ رہتا ہے۔ یہ چشمہ انسانوں کی نگاہوں سے اوجھل ہے۔اس کے پانی کو آبِ حیات کہتے ہیں۔ |
| اِذنِ عام | عام اجازت |
| اِستِقلال | مضبوطی |
| اُستوار | مضبوط-پائدار |
| اِضطراب | بے چینی |
| اَطراف | طرف کی جمع |
| اَقارِب | قریب کی جمع-رشتے دار |
| اَمانت | حفاظت میں لی ہوئی چیز |
| آن | شان-عزّت-وقار |
| آن بان | شان وشوکت |
| آہنی زنجیریں | لوہے کی زنجیریں |
| اِیذائیں | تکلیفیں |
| باشندے | رہنے والے |
| بِساط | فرش-سامان-ہموار زمین |
| بودوباش | رہن سہن |

| | |
|---|---|
| بھڑکانا | کسی کے بارے میں غلط بات کہہ کر کسی شخص کو غصّہ دلوانا |
| بے جگری | بے خوفی |
| بے باکی | کسی خوف کے بغیر |
| بَیضَوی چہرہ | انڈے کی شکل کا گول چہرہ |
| پُختہ عمر | پکّی عمر- بڑھاپا |
| پَرَوَرِش | پالنا |
| پست | نیچا |
| پہلو | طرف |
| تابع | حکم ماننے والا |
| تاڑ گئے | سمجھ گئے |
| تَعَصّب | کسی وجہ کے بغیر کسی شخص یا چیزوں کی طرف داری کرنا- جانب داری- بے جا طرف داری |
| تَقلید | نقل |
| تکلّف | بناوٹ |
| تلف | ضایع |
| توانا | طاقتور |
| تَوَقّف | ٹھہرنا |
| تیمار داری | بیمار کی دیکھ بھال |
| ٹانٹا | تندرست |
| جانشین | کسی کی جگہ بیٹھنے والا |
| جدوجہد | کوشش |
| جُزو | حصّہ |



| | |
|---|---|
| جھاڑ پھُونک | علاج کے لیے دُعائیں پڑھ پڑھ کر پھُونکنا |
| جَھلّڑ | جتھا- گروہ- جھنڈ |
| جَوتی | چمک-روشنی |
| جمال | خوب صورتی |
| چوپٹ | چاروں دروازے کھُلے ہوئے-کھُلا ہوا |
| حباب | بُلبُلہ |
| حُصول | حاصل کرنا |
| حقِّ ملکیت | مالکانہ حقوق |
| حِکمَت | دانائی- عقلمندی |
| خَصائل | عادتیں- خصلت کی جمع |
| خَطیب | خطبہ دینے والا- تقریر کرنے والا |
| خیرُالاَنامؐ | انسانوں کے لیے بھلائی یعنی رسول پاک ﷺ کی ہستی |
| خَسِیس | کنجوس- گھٹیا |
| دِفاع | بچاؤ |
| دَھن | دولت |
| دِیدہ دانستہ | جان بوجھ کر |
| ذلّت | بے عزّتی |
| راز | چھپی ہوئی بات |
| راہوار | گھوڑا- تیز قدم |
| رائِگاں | ضایع |
| رکنیت | رکن ہونا |
| رُوبرُو | سامنے |

| | |
|---|---|
| ریوڑ | گلّہ |
| ساجھی | حصّہ دار |
| سُلوک | برتاؤ |
| سَیوا | خدمت |
| شباب | جوانی |
| شُعلہ بیان | جس کی گفتگو میں تیزی ہو-جوشیلی تقریر کرنے والا |
| صحابہؓ | رسول اللہ ﷺ کے ساتھی |
| صُفّہِ نبوی | مسجدِ نبوی کا وہ چبوترا جہاں نادار صحابہؓ رہتے تھے |
| عزم | ارادہ |
| عَیال | بال بچّے |
| غافِل | بھولنے والا |
| غَضب ناک | بہت زیادہ غصے میں |
| فَرمان | حکم |
| فرماں روائی | حکومت |
| فَرطِ طرَب | انتہائی خوشی |
| فضیلت | بزرگی |
| قِلّت | کمی |
| کھچا کھچ | بہت زیادہ |
| کم گو | کم بولنے والا |
| کم آمیز | کم ملنے والا |
| کم ظَرف | کم حوصلہ |
| گاہے گاہے | کبھی کبھی |



| | |
|---|---|
| گشت | پھیرا-دورہ |
| للکار | نعرہ-وہ آواز جس سے رعب پڑے |
| مُتعصّب | تَعصّب کرنے والا |
| مستحکم | مضبوط |
| مُشقّت | محنت |
| مُطہّر | پاک |
| مَعقُول | سمجھ دار-پسندیدہ-مناسب |
| مگَن | خوش |
| مُلک گیری | ملک فتح کرنا |
| ملتِ بیضا | روشن قوم-مراد مسلمان قوم |
| مَہاجَن | بڑا آدمی-ساہو کار-تاجر |
| نامزَد | کسی کام کے لیے کسی شخص کا نام لکھنا |
| نِگہداشت | خبر گیری |
| نِہال | پودا-خوش حال-کامیاب |
| وَلوَلہ | اُمنگ |
| وَسیع و عریض | پھیلی ہوئی اور چوڑی |
| ہم جنس | ایک جنس کے |
| ہمَہ تَن | پورے جسم سے |
| ہُنوز | اب تک |
| ہیئت | صورت-شکل |
| یَک جہتی | ایک ہونا |